© rasailojaraid.com



کرلے تو خاکی کالبد میں رہتے ہوئے بھی روح کا مشاہدہ کر سکتا ہے۔

آج کل کے مادی دور میں بھی اہلِ سائنس اس کو مستبعد نہیں سمجھتے، چنانچہ یورپ اور امریکہ میں روح سے تعلق پیدا کرنے کے تجربات کئے جا رہے ہیں۔

امید ہے کہ یہ کتاب اُردو کے سرمایہ میں ایک قیمتی اضافہ تصور کی جائے گی۔ اس کی ظاہری اور معنوی خوبیاں بیان کی محتاج نہیں۔ (محمد منیر حسن معصومی)

---

## فتوح الغیب (اُردو ترجمہ)

مصنف : حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ

مترجم : سید محمد فاروق قادری۔

ناشر : المعارف، گنج بخش روڈ، لاہور۔

صفحات : ۱۹۰۔ قیمت : ۱۵ روپے۔

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی مشہور و معروف کتاب فتوح الغیب درحقیقت معارف و حقائقِ الٰہیہ کی ایک نادر دستاویز اور فنِ سلوک پر ایک بے مثال صحیفہ ہے جو ہر زمانے میں مقبولِ خاص و عام رہی ہے۔

اس کتاب کے اُردو اور فارسی تراجم بہت پہلے شائع ہو چکے ہیں، جن کی مدد سے میر ریاست علی نے ایک عمدہ ترجمہ ۱۹۵۸ء میں حیدر آباد دکن سے شائع کیا تھا، لاہور سے انگریزی ترجمہ بھی شائع ہو چکا ہے۔ ہدیۂ تبصرہ ترجمہ رمضان المبارک ۱۳۹۴ ہجری میں المعارف لاہور نے نہایت خوب صورت جلد و آفسٹ طباعت کے ساتھ سفید کاغذ پر مکتبۂ جدید پریس سے چھپوا کر شائع کیا ہے۔

عربی نسخے اور بعض تراجم کے ساتھ چند مقامات کے مقابلے سے ظاہر ہوا کہ ترجمہ آزاد ہے، اور زبان کی سلاست کا زیادہ خیال کیا گیا ہے۔ نصِ عربی کے بعض الفاظ کے ترجمے ادا نہ ہو سکے، البتہ نفسِ مضمون کی ادائیگی ہو گئی ہے۔ اس لئے کتاب کی افادیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔

(محمد منیر حسن معصومی)

© rasailojaraid.com